21 - روزمرہ زندگی میں اخلاقی اصول

اخلاقیات سے کیا مراد ہے؟ کئی ساری باتیں ہمیں اپنے بڑوں سے مصحتاً مل جاتی ہیں ۔ جیسے، جھوٹ نہ بولنا ۔ بڑوں کی عزت کرنا اور چھوٹوں پر شفقت کرنا۔خواتین کی عزت کرنا، اپنے فائدے کے لیے کسی اور کو نقصان نہ پہچانا۔اسی طرح کی بہت سی باتیں ہم دوسروں کے سلوک کو دیکھ کر بھی سیکھتے ہیں۔یہی اخلاقی قدریں یا اخلاقیات کہلاتی ہیں ۔ ہندوستان کو ہمیشہ سے اعلیٰ سلوک ربرتاؤ اور اخلاقیات والا ملک مانا گیا ہے۔کیا یہ سچ مچ ایسا ہے؟ ہم سب کو ایک برابر کے حقوق دیئے گئے ہیں اس کے باوجود ہم میں سے کچھ ایسے ہیں جو فوراً کامیابی پانے کے لیے ناانصافی اور غیر اخلاقی طرز زندگی کے راستے پر چل رہے ہیں۔

مقاصد:

☆ قدر و قیمت اور اخلاقیات کے معنی سمجھنا۔

☆ خاندان اور سماج کی طرف اپنی فرائض کو سمجھنا۔

☆ آیئے مباحثہ کریں:

طلباء کے گروپ بنائیں، ہر ایک گروپ کو گاؤں کے کسی ایک شخص کے بارے میں مباحثہ کرنا ہے جسے وہ اپنا مثالی یا معیاری شخص مانتے ہیں۔اس شخص کے اوصاف کے بارے میں ہر ایک گروپ مباحثہ کرے گا اور اپنے مسائل جماعت کے سامنے پیش کرے گا۔

ذیل میں دیئے گئے پیراگراف کو واضح اور بلند آواز میں پڑھیں :

قدر و قیمت ایسے خیالات اور تصورات ہیں جنہیں ہم اختیار کرتے ہیں ۔انہیں ہم بچپن سے ہی اپنے ماں باپ اور آس پاس کے ماحول سے اخذ کرتے ہیں ۔ جیسے دوسروں کی دیکھ بھال کرنا ایک اخلاقی قدر ہے، جب کہ اخلاقیات ہمارے اخلاقی قدروں کی جانچ کرتی ہے ۔ یہ وہ طریقے ہیں جن کا برتاؤ ہم مختلف حالات میں کرتے ہیں۔

سرگرمی : 1

طلباء کے گروپ بنائیں ۔ ہر ایک گروپ کو الگ الگ تاریخ کا اخبار دیں۔طلباء کو ایسی خبریں چھانٹنی ہیں جن میں انہیں اخلاقی اقدار کا ہوتا ہوا نظر آئے ساتھ ہی ساتھ انہیں ایسی خبریں بھی چھانٹنی ہیں جو بتاتی ہیں کہ اخلاقی قدروں پر چلنے والے لوگ بھی سماج میں موجود ہیں۔

سرگرمی : 2

یہ سرگرمی ہر ایک طالب علم کو کرنی چاہئے۔آپ اپنے خاندان کے لیے کیا کرتے ہیں؟ کوئی ایک مثال بتایئے۔آپ کا خاندان آپ کے لیے کیا کرتا ہے؟اس کی بھی کوئی ایک مثال دیجیئے۔

ذیل میں دیئے گئے پیراگراف کو واضح تلفظ اور بلند آواز میں پڑھیئے۔

مثبت نقطہ نظر ہماری روزمرہ کی زندگی سے نپٹنے میں ہماری مدد کرتا ہے ۔ یہ اعتقاد کہ جو ہوگا اچھا ہی ہوگا ہماری زندگی کے سلسلے کو کامیابی سے ہمکنار کرتا ہے اور ہمیں منفی سوچ وافکار سے بچاتا ہے ۔ یہ باہمی تعلقات کو مستحکم کرتا ہے اور انہیں قائم رکھنے میں بھی مددگار ثابت ہوتا ہے ۔ یہ جذبہ ہمدردی، رواداری اور مثبت نقطہ نظر ہمارے آس پاس غیر معمولی توجہ کے مستحق لوگوں کی ضرورتوں کو سمجھنے کے لیے بھی ضروری ہوتا ہے۔ایسے لوگ جسمانی اور ذہنی طور پر معذور یا بہرے یا اندھے ہوسکتے ہیں ۔ یہاں تک کہ سن رسیدہ (Senior Citizen) بزرگ شہریوں کو بھی محبت اور دیکھ بھال کی

ضرورت ہوتی ہے۔

سرگرمی: 3

اپنے آس پاس غیر معمولی توجہ کے مستحق لوگوں کو پہچانیئے ۔اپنی سمجھ کی بنیاد پر ایک ڈرامہ یا تمثیلی مکالمہ تیار کریں، جس میں آپ کو یہ بتانا ہے کہ آپ ان کی مدد کس طرح کر سکتے ہیں۔

اہم الفاظ:

قدر و قیمت، اخلاقیات، رواداری، ہمدردی